ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (518)

26.09.2023

**بہاولپور (            ) وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، جاری مہم میں اب تک 366 مقدمات درج کر کے 367 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی۔ منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا، جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔ منشیات مافیا کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس نے اب تک 366 مقدمات درج رجسٹرڈ کیئے۔ گرفتار 367 ملزمان کے قبضہ سے 15438 لیٹر شراب و لہن، 09 کلو 895 گرام ہیروئن، 96 عدد چالو بھٹیاں، 149 کلو 809 گرام چرس، 681 گرام آئس، 01 کلو 200 گرام افیون اور 65 کلو بھنگ برآمد کر لی۔ جبکہ جاری مہم کے دوران 238 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا، جن میں سے 187 افراد کو صحت یاب ہونے کے بعد لواحقین کے حوالے کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔ منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔


**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی




بہاولپور: ایس پی انوسٹی گیشن حافظ غلام مہتدی پولیس لائن کے ریکریشن ہال میں ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید کے ہمراہ ضلع کے تمام تھانوں میں تعینات پیروی آفیسران وتعمیلی سٹاف سے میٹنگ کرر ہے ہیں




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، ڈولفن اسکارڈ 04 کی کامیاب کارروائی، ڈکیتی اور نوسر بازی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار



بہاولپور: ڈسٹرکٹ بار کے وکلاء و قائدین اتحاد تنظیمات اہلسنت کے وفود کی پرامن محرم الحرام اور منشیات فروشوں کے خلاف
کامیاب کارروائیوں کے حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس سے ملاقات، پھولوں کے گلدستے پیش کیے